PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

# لائف بوائے قومی کرکٹ ٹیم کا آفیشل پارٹنر برائے حفظان صحت مقرر

**لاہور،7اگست2020ء:**

پاکستان کرکٹ بورڈ نے دورہ انگلینڈ کے لیے لائف بوائے، دنیا کا سب سے زیادہ فروخت ہونے والا ہائجین صابن 1، کو قومی کرکٹ ٹیم کا آفیشل پارٹنر برائے حفظان صحت مقرر کردیا ہے۔ آئی سی سی ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ میں شامل پاکستان اور انگلینڈ کے مابین سیریز کا پہلا میچ 5 اگست سے اولڈ ٹریفورڈ میں شروع ہوا۔ ٹیسٹ سیریز کے بعد دونوں ٹیمیں 3 ٹی ٹونٹی میچوں میں مدمقابل آئیں گی۔

دورہ انگلینڈ میں لائف بوائے پاکستان کرکٹ ٹیم کو حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق ہاتھوں کی صفائی کے لیے مصنوعات فراہم کرے گا۔اس دوران قومی کرکٹرز حفظان صحت کے اصولوں سے متعلق پیغامات کو بھی فروغ دیں گے۔

پی سی بی نے اس بات کو یقینی بنایا ہے کہ کھلاڑیوں، ٹیم منیجمنٹ اور عملے میں شامل دیگر اراکین کی صحت اور حفاظت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ علاوہ ازیں، پی سی بی اپنے ڈیجٹل پلیٹ فارم اور پریس ریلیز کے ذریعے کوویڈ19 سے متعلق حکومتی ہدایات کو بھی فروغ دے رہا ہے۔

لاہور میں موجود ہیڈکوارٹر سمیت پی سی بی کے ملک بھر میں موجود دیگر دفاتر میں سماجی فاصلے پر عمل کرتے ہوئے کوویڈ19 سے متعلق حکومتی ہدایات پر مکمل عمل کیا جارہا ہے۔

پاکستان کرکٹ ٹیم جون کے آخری ہفتے سے انگلینڈ کے بائیو سیکیور ماحول میں موجود ہے۔اسکواڈ میں شامل تمام کھلاڑی اور منیجمنٹ کا عملہ برطانوی حکومت کی کوویڈ19 سے متعلق تمام ہدایات پر مکمل عمل کررہا ہے۔

**کارتک چندراشیکر، گلوبلنائب صدر لائف بوائے:**

لائف بوائے کے گلوبل نائب صدر کارتک چندراشیکر کا کہنا ہے کہ لائف بوائے ہمیشہ سے ہی ایک ایسا برانڈ رہا ہے، جس نے لوگوں کو بہتر ہائجین فراہم کرنے کی حمایت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ویسٹ انڈیز کے ساتھ کامیاب تعلقات کے بعد اب ہم حفظان صحت کے اصولوں کو فروغ دینے کے لیے پاکستان کرکٹ ٹیم کے ساتھ کام کرنے کے خواہشمند ہیں۔

کارتک چندراشیکر نے کہا کہ کھیل زندگی کا ایک اہم جزو ہے اور یہ مختلف ممالک کی عوام کو اکٹھا کرتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم پاکستان کرکٹ ٹیم کے ساتھ مل کر شائقین کرکٹ کی ہائجین کو بہتر کریں گے۔

## بابر حامد، پی سی بی ڈائریکٹر کمرشل:

پاکستان کرکٹ بورڈ کے ڈائریکٹر کمرشل بابر حامد کا کہنا ہے کہ ہم دورہ انگلینڈ کے لیے قومی کرکٹ ٹیم کے آفیشل ہائجین پارٹنر کی حیثیت سے لائف بوائے کے ساتھ شراکت داری پر خوش ہیں۔انہوں نے کہا کہ کمرشل کی نئی حکمت عملی کے تحت پاکستان کرکٹ بورڈ نمایاں برانڈز کے ساتھ بامقصد شراکت داری قائم کرنا چاہتا ہے اور لائف بوائے کے ساتھ شراکت داری اسی حکمت عملی کا حصہ ہے۔

بابر حامد نے کہا کہ انگلینڈ ٹور بہت مختلف حالات میں کھیلا جارہا ہے، یہاں دنیا میں زیادہ تر توجہ ہائجین صحت پر مرکوز ہیں، اس شراکت داری کے ذریعے ہم لوگوں کی ہائجین اور محفوظ پاکستان پر مشتمل اپنے مقاصد پورے کرنا چاہتے ہیں۔

[1] Calculation based on Nielsen unit sales information for the total markets (approx. 40 countries). Latest 12 months available. Details available on request.

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

## ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the most popular sport in the country.

Headquartered in Lahore, Pakistan, the PCB works in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout Pakistan.

With 73.8 – 81.7 million cricket fans according to a 2018 research study conducted by Nielsen, Pakistan is the second-biggest cricketing nation in the world.

Our mission is to inspire and unify the nation by channelizing the passion of the youth, through our winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The Pakistan men's national team is currently touring England for a series of three Tests and three T20 Internationals. Ranked seventh in Tests, sixth in ODIs, and fourth in T20I's, the Pakistan men's national team will be involved in an exciting and busy international cricket calendar that includes away tours of South Africa and New Zealand, along with home series against Zimbabwe and South Africa.

The Pakistan women's national team is set to feature in the ICC Women's Championship this year as it aims to improve is current global ranking of number seven.

For more updates on Pakistan Cricket, please follow us on:

www.pcb.com.pk

https://www.facebook.com/PakistanCricketBoard

https://twitter.com/TheRealPCB

https://www.instagram.com/therealpcb/

**HELP PREVENT CORONAVIRUS**




Partners

pepsi easypaisa Lifebuoy

www.pcb.com.pk
@therealpcb
@PakistanCricketBoard
@PakistanCricketOfficial
@therealPCB

**PCB Headquarters**
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4